Test & Trace Corps

NYC Health

COVID-19 کی ٹیسٹنگ کے بارے میں NYC کی سفارشات کے حوالے سے آجروں کے لیے معلومات

ٹیسٹنگ: محفوظ طریقے سے دوبارہ کھولنے کی تدبیر

ہم میں سے ہر کسی کو اپنے خاندان، دوستوں ، ساتھی کارکنوں اور کمیونٹیوں کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ سٹی نے جسمانی فاصلے، چہرے کے نقاب کے استعمال اور روک تھام کے دیگر ٹولز کے بارے میں موجودہ رہنمائی کے متمم کے طور پر COVID-19 ٹیسٹنگ کی سفارشات جاری کی ہیں۔

سٹی تجویز کرتا ہے کہ نیو یارک کے تمام باشندے وقتاً فوقتاً ٹیسٹ کروائیں۔ ٹیسٹنگ کتنی کثرت سے کروانی ہے، یہ ان کے کام کی نوعیت اور خطرے کے دیگر عوامل پر منحصر ہو گا، چاہے ان کو علامات درپیش نہ ہوں یا کسی ایسے شخص کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے ہوں جس کے بارے میں ان کو علم ہو کہ اس کو COVID-19 ہے۔ ساتھی کارکنان، کلائنٹس، یا عوام میں لوگوں کے ساتھ ذاتی طور پر رابطہ رکھنے والے کارکنوں کو اپنے فراہم کنندہ یا آجر کی سفارشات کے مطابق مہینے میں ایک بار ٹیسٹ کروانا چاہیے۔

نیو یارک کے تمام باشندوں کو COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہیں، جن میں یہ شامل ہیں:

- کام کی جگہ اور عوام میں لوگوں کے ساتھ موجود ہوتے وقت جسمانی دوری کی سفارشات (کم از کم 6 فٹ دور رہنا) پر عمل کرنا
- کام کی جگہ میں داخل ہونے سے پہلے روزانہ کی صحت سے متعلق اسکریننگ کی تعمیل کرنا، اور بیمار ہونے پر یا حال ہی میں COVID-19 کی زد میں آنے پر گھر میں ہی رہنا
- کام کی جگہ اور عوام میں لوگوں کے ساتھ موجود ہوتے وقت چہرے پر نقاب پہننا
- باقاعدگی سے ہاتھ دھونا اور ہینڈ سینیٹائزر استعمال کرنا
- رابطے کی کھوج میں حصہ لینا اگر وہ یا کوئی اور کسی ایسے شخص کے ساتھ قریبی رابطے میں آئے تھے جس کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا تھا

یہ دستاویز COVID-19 ٹیسٹنگ کی سفارشات کے بارے میں سوالات کے جوابات فراہم کرتی ہے۔ اگر آپ کے کوئی اضافی سوالات ہوں تو براہ کرم 212-268-4319 پر (NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس کورپس) "NYC Test & Trace Corps" کو کال کریں۔

یہ معلومات طبی یا قانونی مشورے کے ذمرے میں نہیں آتیں۔ تمام معلومات صرف عمومی معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں۔

اس دستاویز میں کیا شامل ہے

ٹیسٹ کروانا 3
ٹیسٹ کی ادائیگی کرنا.. 5
ٹیسٹوں کی اقسام 5
ٹیسٹ کے بعد کیا ہوتا ہے 6
قانونی سوالات 8
ضمیمہ: COVID-19 ٹیسٹنگ کی آپشنز.. 10

ٹیسٹ کروانا

1 میرے ملازمین کو کب ٹیسٹ کروانا چاہیے؟

سٹی تجویز کرتا ہے کہ نیو یارک کے تمام باشندوں کا ٹیسٹ کیا جائے، چاہے ان میں علامات نہ ہوں یا کسی ایسے شخص سے قریبی رابطے میں رہے ہوں جس کو COVID-19 ہے۔ علامات کا سامنا کرنے والے افراد (جیسے کھانسی، بخار، سانس کی قلت، اور چکھنے یا سونگھنے کی حس میں کمی) کو فوری طور پر ٹیسٹ کروانا چاہیے اور گھر میں دوسروں سے بحفاظت علیحدہ ہو جانا چاہیے (بشمول جب اپنے ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کر رہے ہوں)۔ کچھ لوگوں کو کام پر یا کسی دوسری جگہ پر دوسروں کے ساتھ زیادہ کثرت سے رابطے کی وجہ سے وقتا فوقتا ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی COVID-19 ٹیسٹنگ کی سفارشات کا جائزہ لیں۔

2 کیا سٹی وقتا فوقتا ٹیسٹنگ کی تجویز کر رہا ہے یا اس کا تقاضا کر رہا ہے؟

COVID-19 ٹیسٹنگ کی سفارشات رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ اس حوالے سے کوئی فرمان نہیں ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ کی طرف سے آجروں کے لیے یہ لازم قرار دیا گیا ہے کہ وہ تمام عملے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر صحت کی اسکریننگ کا اہتمام کریں۔ اگرچہ ٹیسٹنگ کی سفارش کی گئی ہے، لیکن یہ لازم نہیں ہے (سوائے کچھ ایسی صنعتوں کے جن پر نیویارک اسٹیٹ کے فرمان کا اطلاق ہوتا ہے، جیسے نرسنگ ہومز)۔[1]

3 اگر میرا کاروبار ٹیسٹنگ کی سفارش یا اس کا تقاضا کرتا ہے تو کیا ایسا تمام ملازمین کے لیے یکساں طور پر ہونا چاہیے؟

آپ ملازمت کے فنکشن کی بنیاد پر ٹیسٹنگ کی مختلف سفارشات یا تقاضے مرتب کر سکتے ہیں (جیسے کہ ایسے ملازمین کے لیے جو باقاعدگی سے لوگوں کے ساتھ رابطہ کرتے ہیں، ان کے لیے ان لوگوں کے مقابلے میں مختلف سفارشات مرتب کرنا جن کو باقاعدگی سے لوگوں کے ساتھ رابطہ نہیں کرنا ہوتا)۔ عمر، نسل یا نسلی تعلق، قومیت، معذوری، صحت کی حیثیت، صنف، صنفی شناخت، جنسی رجحان، مذہب یا دیگر محفوظ طبقات پر مبنی مختلف پالیسیاں قائم کرنا غیر قانونی ہے۔

4 میں یہ فیصلہ کس طرح کروں کہ میرے کاروبار کے لیے کتنا اکثر ٹیسٹ کروانا مناسب ہے؟

کتنا اکثر ٹیسٹ کروانا مناسب ہے، اس حوالے سے سفارشات کاروبار کے لحاظ سے مختلف ہوں گی۔ یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ کو ٹیسٹنگ کے کسی مخصوص دورانیے کی سفارش یا اس کا تقاضا کرنا ہو گا، ان پر غور کریں: دیگر افراد (ساتھی کارکنان، کلائینٹس، ملاقاتی) کے ساتھ شخصی رابطے کی تعداد اور کثرت، کام کی جگہ کی ترتیب (بیرون خانہ، اندرون خانہ، محدود جگہ) اور دیگر روک تھام کے اقدامات کو نافذ کرنے کی اہلیت، جیسے لوگوں کا دوسروں سے کم از کم 6 فٹ رہنا۔ اگر ممکن ہو تو طبی مشیر سے رجوع کریں۔

---

[1] پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت سے متعلق انتظامیہ (Occupational Safety and Health Administration, OSHA) اور نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف لیبر (Department of Labor, DOL)، نیو یارک بیورو برائے ملازمین کا تحفظ اور صحت کا تقاضا ہے کہ آجر ملازمین کو COVID-19 کی زد میں آنے سے بچانے کے لیے اقدامات کریں، جس میں ٹیسٹنگ شامل ہو سکتی ہے۔ آجروں کو نیویارک اسٹیٹ کے دوبارہ کھولنے کے تقاضوں پر بھی عمل کرنا چاہیے، بشمول جسمانی دوری، چہرے کے نقاب کا استعمال اور صفائی کے پروٹوکولز۔ دوبارہ کھولنے کے بارے میں کچھ عمومی سوالات کے جوابات nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/imm/covid-19-reopening-nyc-faq.pdf پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

5 اگر کسی ملازم کو پہلے COVID-19 ہو چکا ہے تو کیا اسے پھر بھی وقتا فوقتا ٹیسٹ کروانا ہو گا؟

ان افراد کے لیے جن کا پہلے COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آ چکا ہے، ان کے لیے علامات کے پہلی بار نمودار ہونے کے (یا اگر علامات نہیں تھیں تو پہلے مثبت ٹیسٹ کی تاریخ سے لے کر) 90 دن بعد تک ٹیسٹنگ کروانے کی سفارش نہیں کی جاتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انفیکشن کے بعد ہفتوں یا مہینوں تک بھی لوگوں کا ٹیسٹ مثبت آنا جاری رہتا ہے، حالانکہ وہ متعدی نہیں ہوتے۔ اس 90 دن کی مدت کے دوران ٹیسٹ کروا لینے کی وجہ سے غیر ضروری طور پر ملازمین کو کام سے باہر رہنا پڑ سکتا ہے۔

تاہم، اگر کوئی COVID-19 سے صحتیاب ہو جاتا ہے اور اس میں نئی علامات ہیں تو اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے اس بارے میں رجوع کریں کہ آیا اضافی ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔

6 اگر کسی ملازم کا COVID-19 اینٹی باڈی ٹیسٹ مثبت آ چکا ہے تو کیا اسے پھر بھی وقتا فوقتا ٹیسٹ کروانا ہو گا؟

جی ہاں۔ اس وقت، COVID-19 کے اینٹی باڈی ٹیسٹوں کو اس بات کا پتہ لگانے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا کہ آیا کوئی اس وقت بیمار یا متاثر ہے۔ ابھی یہ بھی معلوم نہیں ہو سکا ہے کہ آیا مثبت اینٹی باڈی ٹیسٹ کا مطلب یہ ہے کہ کوئی دوبارہ COVID-19 سے متاثر ہونے سے محفوظ ہے۔ اینٹی باڈی ٹیسٹوں کو یہ فیصلہ کرنے کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے کہ آیا کسی کو کام پر جانا چاہیے یا نہیں، یا اس کا ٹیسٹ ہونا چاہیے یا نہیں۔

7 اگر کوئی ملازم ٹیسٹ کروانے سے انکار کرتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

آجر ان لوگوں کو ملازمت کی جگہ سے ہٹا سکتا ہے جو اسٹیٹ کے فرمان کے تقاضے کے مطابق یا آجر کی طرف سے درکار کردہ اسکریننگ سے انکار کرتے ہیں۔ اگر کسی ملازم کو کوئی طبی عارضہ یا معذوری ہے جس کی وجہ سے وقتا فوقتا ٹیسٹنگ ممکن نہیں ہے تو آجروں کو ملازم کے ساتھ مل کر کوئی مناسب متبادل تلاش کرنے کے لیے کام کرنا چاہیے، جیسے گھر میں رہ کر ٹیلی فون، کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور دیگر ٹیلی مواصلات کی سہولتوں کے ذریعے کام کرنا۔ اسکریننگ کے طریقہ کار کو غیر متعصبانہ انداز میں لاگو کیا جانا چاہیے۔

8 میرے ملازمین کا ٹیسٹ کہاں کیا جا سکتا ہے؟

پورے سٹی میں سیکڑوں ٹیسٹنگ سائٹس ہیں، جن میں موبائل ٹیسٹنگ سائٹیں شامل ہیں۔
ٹیسٹنگ سائٹ تلاش کرنے کے لیے، nyc.gov/covidtest پر سٹی کے ٹیسٹ فائینڈر کو ملاحظہ کریں۔ بہت سی سائٹس مفت، واک اپ ٹیسٹنگ کی پیشکش کرتی ہیں اور انتظار مختصر وقت کے لیے ہی کرنا پڑتا ہے۔ اس میں NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز (H+H) کی تمام سائٹس شامل ہیں۔ لوگ اپوئنٹمنٹ لے کر، NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (محکمہ صحت) کی COVID-19 ایکسپریس سائٹس پر بھی ٹیسٹ کروا سکتے ہیں۔ لوگ ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کرنے کی استطاعت سے قطع نظر محکمہ صحت اور H+H ٹیسٹنگ سائٹس پر ٹیسٹ کروا سکتے ہیں، چاہے ان کے پاس بیمہ نہ بھی موجود ہو (لیکن جن لوگوں کے پاس بیمہ کارڈ اور ID موجود ہے تو انہیں یہ ساتھ لانے چاہیے)۔

9 ملازمین اپنے ٹیسٹ کے نتائج کیسے موصول کریں گے؟

ٹیسٹ کے نتائج ٹیسٹنگ فراہم کنندہ یا ان کی لیب سروس کی جانب سے ملازمین کے ساتھ شیئر کیے جائیں۔

ٹیسٹ کی ادائیگی کرنا

1 میں اپنی کمپنی کے ہیلتھ پلان کو اپنے COVID-19 کے ٹیسٹ کی ادائیگی کرنے کے لیے کس طرح قائل کر سکتا ہوں

سٹی آجروں کو ترغیب دیتا ہے کہ وہ COVID-19 ٹیسٹوں کی ادائیگی کے لیے براہ راست اپنے بیمہ فراہم کنندگان کے ساتھ بات کریں۔ آجر اپنے اسپانسر شدہ منصوبوں کو COVID-19 ٹیسٹنگ کی سفارشات کی جانب ڈائریکٹ کر سکتے ہیں۔ اگر ملازمین میں انفیکشن کی جانچ کے لیے اسکریننگ کے اخراجات آپ کے بیمہ فراہم کنندہ کے منصوبے میں شامل نہیں ہیں تو آپ کو ملازمین کو شہر بھر میں موجود مفت ٹیسٹنگ کی سہولت دینے والی سینکڑوں سائٹس میں سے کسی پر بھی جا کر ٹیسٹ کروانے کی ترغیب دینی چاہیے۔ nyc.gov/covidtest پر سٹی کا ٹیسٹ سائٹ فائینڈر ملاحظہ کریں۔

2 میری کمپنی کے ہیلتھ پلان میں ٹیسٹنگ شامل نہیں ہو گی۔ کیا لاگت کم کرنے کے لیے سٹی فنڈز دے گا؟

سٹی اس وقت بیمہ کی حیثیت سے قطع نظر تمام لوگوں کو سینکڑوں بھر ٹیسٹنگ سائٹس میں مفت ٹسیٹ کی سہولت فراہم کر رہا ہے۔ ٹیسٹنگ NYC سے باہر رہنے والوں کے لیے بھی دستیاب ہے۔ ٹیسٹنگ کی یہ سائٹس خود سے بیمہ شدہ آجروں کو بل بھیج سکتی ہیں اگر ان کے ملازمین اپنا بیمہ کارڈ یا ID دکھاتے ہیں، لیکن ٹیسٹنگ سائٹس مشترکہ ادائیگی یا کٹوتی کا نہیں کہیں گی اور بیمہ کے بغیر آنے والے کسی شخص کو واپس نہیں بھیجیں گی۔ اپنے قریب ٹیسٹنگ سائٹ تلاش کرنے کے لیے، nyc.gov/covidtest پر سٹی کا ٹیسٹ فائینڈر ملاحظہ کریں۔

ٹیسٹوں کی اقسام

1 کس قسم کے تشخیصی ٹیسٹ دستیاب ہیں؟

COVID-19 کا تشخیصی ٹیسٹ ناک یا گلے میں سواب (ایک طویل Q-tip کی طرح) داخل کر کے یا لعاب (تھوک) حاصل کر کے کیا جاتا ہے۔ کچھ ٹیسٹ نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے دفتر میں کیے جا سکتے ہیں، جن کو اینٹیجن یا پوائنٹ آف کیئر (point-of-care, POC) ٹیسٹ کہا جاتا ہے۔ POC ٹیسٹوں کے لیے تصدیقی ٹیسٹ کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ COVID-19 کے ٹیسٹوں کی اقسام اور ٹیسٹوں کے نتائج کا مطلب سمجھنے کے بارے میں معلومات کے لیے، "COVID-19 Testing: Frequently Asked Questions" (COVID-19 ٹیسٹنگ: عمومی سوالات) ملاحظہ کریں۔ دستیاب ٹیسٹوں کے بارے میں معلومات کے لیے، براہ کرم COVID-19 ٹیسٹنگ کی آپشنز کا ضمیمہ ملاحظہ کریں۔

2 اگر میں کام کی جگہ پر آن سائٹ ٹیسٹنگ کی سہولت پیش کرنا چاہوں تو کیا سٹی معاونت کرے گا؟ کیا یہ مجھے لاگت پوری کرنے میں مدد کرے گا؟

سٹی H+H مقامات اور محکمہ صحت کے کلینکس، اور ساتھ ساتھ موبائل سائٹس کی صورت میں مفت ٹیسٹنگ سائٹس فراہم کر رہا ہے۔ آپ nyc.gov/covidtest پر ٹیسٹنگ کا مقام تلاش کر سکتے ہیں۔ ایسی خدمات موجود ہیں جو کام کی جگہ میں ملازمین کا ٹیسٹ کرتی ہیں۔ کچھ خدمات کی فہرست کے لیے، براہ کرم COVID-19 ٹیسٹنگ آپشنز کا ضمیمہ ملاحظہ کریں۔ سٹی اس وقت ان خدمات کے لیے مالی امداد فراہم نہیں کر رہا۔

3 کیا میں اپنے ملازمین کو گھر پر ٹیسٹنگ کی سہولت دے سکتا ہوں؟ کیا سٹی مجھے لاگت پوری کرنے میں مدد کرے گا؟

فی الحال، فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی طرف سے COVID-19 کا کوئی بھی ٹیسٹ گھر پر کیے جانے کے لیے منظور نہیں کیا گیا۔ تاہم، FDA کی منظور شدہ نمونہ لینے کی کٹس موجود ہیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ نمونہ (سواب یا لعاب) فرد کی جانب سے گھر میں ہی لیا جاتا ہے اور پروسیسنگ کے لیے کسی لیبارٹری کو بھیجا جاتا ہے۔ کٹس مرکزی طور پر آجر کی جانب سے کام کی جگہ پر بھی تقسیم کی جا سکتی ہیں اور نمونے کام کی جگہ یا گھر میں لیے جا سکتے ہیں۔ گھر میں ٹیسٹنگ کی آپشنز کے بارے میں معلومات کے لیے، براہ کرم COVID-19 ٹیسٹنگ کی آپشنز کا ضمیمہ ملاحظہ کریں۔ سٹی اس وقت اس قسم کی ٹیسٹنگ کے لیے مالی امداد فراہم نہیں کر رہا۔

ٹیسٹ کے بعد کیا ہوتا ہے

1 اگر کسی ملازم کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آ جاتا ہے تو کیا ہو گا؟

وہ لوگ جن کا COVID ٹیسٹ مثبت آتا ہے، انہیں گھر میں محفوظ طریقے سے اپنے آپ کو دوسروں سے الگ کر لینا چاہیے۔ انہیں ضروری طبی نگہداشت یا گروسریز، اگر کوئی اور ان کے لیے نہیں لا سکتا، جیسی بنیادی ضروریات کے لیے باہر جانے کے علاوہ، گھر سے بالکل باہر نہیں نکلنا چاہیے۔ انہیں کام پر نہیں جانا چاہیے، لیکن اگر ان کی طبیعت اجازت دے تو وہ گھر سے کام کر سکتے ہیں۔ انہیں تب تک گھر میں رہنا چاہیے جب تک کہ درج ذیل میں دی گئی **تمام** باتیں پوری نہیں ہو جاتیں:

- علامات کو شروع ہوئے کم از کم 10 دن گزر چکے ہیں۔
- پچھلے 24 گھنٹوں میں بخار کم کرنے والی ادویات کے استعمال کے بغیر ہی بخار ٹھیک رہا ہے۔
- انکی بیماری میں مجموعی طور پر بہتری آئی ہے۔

اگر کسی ملازم کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو اس سے "NYC Test & Trace Corps" کی طرف سے رابطہ کیا جائے گا، تاکہ اس کی علامات کی نگرانی کرنے میں مدد فراہم کی جا سکے، یہ جانا جا سکے کہ اور کون خطرے میں ہو سکتا ہے اور اسے ٹیسٹنگ کی ضرورت ہو سکتی ہے، اور یہ یقینی بنایا جا سکے کہ دوسروں سے محفوظ طریقے سے الگ ہونے کے لیے اس کے پاس ضروری خدمات اور وسائل موجود ہیں۔

2 کیا ان ملازمین سے کام پر واپس آنے کے لیے منفی ٹیسٹ درکار کرنا چاہیے جن کو COVID-19 تھا؟

نہیں۔ ملازمین سے کام کی جگہ پر واپس آنے کے لیے COVID-19 کا منفی تشخیصی ٹیسٹ درکار نہیں کرنا چاہیے۔ بہت سے لوگوں کا متعدی مدت ختم ہونے کے بعد طویل عرصے تک ٹیسٹ مثبت آتا ہے۔ اسی طرح، اینٹی باڈی ٹیسٹ کو کسی کے کام پر لوٹنے کا فیصلہ کرنے کے حوالے سے پیمانے کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ قرنطینہ کی مدت مکمل کرنے والے لوگ متعدی نہیں رہتے اور کام پر واپس آ سکتے ہیں۔

3 اگر کوئی ملازم گھر میں دوسروں سے محفوظ طریقے سے الگ نہیں ہو سکتا تو اس صورت میں کیا ہو گا؟

نیویارک کے باشندے جنہیں COVID-19 ہے یا کسی ایسے شخص کے ساتھ رہتے ہیں جس کو یہ بیماری ہے اور وہ گھر میں محفوظ طریقے سے دوسروں سے الگ نہیں ہو سکتے تو وہ ہوٹل میں بغیر کسی معاوضے کے قیام کر سکتے ہیں۔ NYC کے COVID-19 ہوٹل پروگرام کے بارے میں معلومات nychealthandhospitals.org/test-and-trace/take-care پر دستیاب ہیں۔

4 اگر ملازمین کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو کیا ان کا مجھے مطلع کرنا ضروری ہے؟ اگر کسی ملازم کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو کیا مجھے دوسرے عملے کو مطلع کرنا چاہیے؟

COVID-19 ٹیسٹ مثبت آنے کی صورت میں ملازمین کو اپنے آجروں کو مطلع کرنا چاہیے کیونکہ یہ کام کی جگہ محفوظ رکھنے میں مدد دے سکتا ہے۔ آجر کے طور پر، آپ دوسرے عملے یا کسٹمرز کو مطلع کر سکتے ہیں کہ شاید وہ زد میں آ گئے ہوں کیونکہ وہ ملازم کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے تھے، لیکن آپ اس ملازم کے نام یا دیگر شناختی معلومات کا اشتراک نہیں کر سکتے جس کا ٹیسٹ مثبت آیا تھا۔ محکمہ صحت آپ کو اس بات کا تعین کرنے میں مدد کرے گا کہ قریبی رابطہ کس کو تصور کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی ملازم ریموٹ طریقے سے کام کر رہا ہے اور اس کا ساتھیوں کے ساتھ ذاتی و شخصی طور پر رابطہ نہیں رہا ہے تو اس ملازم کی مثبت ٹیسٹ آنے کے بارے میں آپ کو مطلع کرنے کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔

5 کیا مجھے ملازمین کے ٹیسٹ کے نتائج کی نقل کی ضرورت ہے؟ کیا مجھے ٹیسٹ کے نتائج کا ریکارڈ رکھنا چاہیے؟

جیسے کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، ایسے لوگ جن کو COVID-19 ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے، ان سے کام کی جگہ پر واپس آنے کے لیے منفی ٹیسٹ درکار نہیں کرنا چاہیے۔ وہ لوگ جن کو COVID-19 کی علامات تھیں اور لیب میں کیے گئے انکے تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آیا تھا، وہ اس صورت میں کام پر لوٹ سکتے ہیں اگر پچھلے 24 گھنٹوں میں وہ بخار کم کرنے والی ادویات کے استعمال کے بغیر ہی بخار سے محفوظ رہے ہیں۔ ایسے حالات میں آپ ملازم سے منفی ٹیسٹ کے نتیجے کا ثبوت فراہم کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ٹیسٹ کروانے کے حوالے سے آجر کے تقاضے مکمل کیے گئے ہیں، آپ ٹیسٹ کے نتیجے کی دستاویزات بھی درکار کر سکتے ہیں۔

ٹیسٹ کے نتائج اور دیگر طبی معلومات رازدرانہ ہیں اور انہیں عملےکی فائلوں سے الگ رکھنا چاہیے۔ اس طرح کی معلومات کو الیکٹرانک طور پر منتقل نہیں کیا جانا چاہیے جب تک کہ معقول فائر وال اور مرموزکاری موجود نہ ہو۔ اگر آپ ملازمین کے ٹیسٹ کے نتائج کی کاپیاں رکھتے ہیں تو آپ کو انہیں ملازم کی ملازمت کی مدت کے علاوہ 30 سال تک برقرار رکھنا چاہیے۔[2]

6 کیا میں ملازمین سے اینٹی باڈی ٹیسٹنگ کروانے کا تقاضا کر سکتا ہوں؟

نہیں۔ وفاقی کمیشن برائے ملازمت کے مواقع میں برابری (Federal Equal Employment Opportunity Commission, EEOC) کی رہنمائی میں بتایا گیا ہے کہ آجر ملازم کو ملازمت کی جگہ پر واپس آنے سے پہلے اینٹی باڈی ٹیسٹ کروانے کا تقاضا نہیں کر سکتے۔ اینٹی باڈی ٹیسٹنگ کو کام پر واپس آنے کے بارے میں کسی فیصلے کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

7 اگر کسی ملازم کا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو کیا مجھے اس کی اطلاع دینے کی ضرورت ہے؟ میں اس کی اطلاع کس کو دوں؟

نیو یارک اسٹیٹ کا تقاضا ہے کہ اگر کسی ملازم کا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو آجر فوری طور پر محکمہ صحت کو مطلع کریں اور رابطے کی کھوج کی کوششوں میں تعاون کریں۔ کسی بھی قسم کے سوالات کے جوابات کے لیے یا مصدقہ کیس کی اطلاع دینے کے لیے محکمہ صحت کو 866-692-3641 پر کال کریں۔[2]

---

[2] OSHA نے اس بات کا تعین کرنے کے لیے خصوصی رہنمائی جاری کی ہے کہ کب COVID-19 کا کیس کام سے متعلق ہو سکتا ہے، جو کہ رپورٹنگ کے اضافی تقاضوں کو متحرک کرتا ہے۔ OSHA کا یہ فرمان ہے کہ آجر کام سے متعلقہ بیماریوں کی ریکارڈنگ اور اس کی اطلاع دہندگی کے لیے مخصوص اقدامات پر عمل کریں، بشمول کام سے متعلقہ چوٹوں کا سالانہ خلاصہ جمع کروانا، اور اس طرح کے تمام لاگز کو کو پانچ سال تک برقرار رکھنا چاہیے۔ آجروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ کام کی وجہ سے ہونے والے حادثات یا اموات یا تین یا زیادہ ملازمین کے اسپتال میں داخل ہونے، جیسے کام کی جگہ پر COVID-19 کی منتقلی، جیسے واقعات کو ریکارڈ کریں اور OSHA کو مطلع کریں۔ آجروں کو ان واقعات کی اطلاع ٹیلیفون کے ذریعے یا شخصی طور پر واقعہ کے قریبی OSHA علاقائی دفتر کو دینی چاہیے۔

8 اگر کسی ملازم کا ٹیسٹ مثبت آ جائے تو اس کے بعد کیا ہو گا؟

محکمہ صحت اس بات کی تصدیق کرے گا کہ فرد مصدقہ کیس ہے۔ مصدقہ کیس کی صورت میں، محکمہ صحت آپ کے ساتھ مل کر کام کی جگہ پر موجود دوسرے ملازمین اور دیگر افراد کی شناخت کے لیے کام کرے گا جو COVID-19 سے متاثرہ شخص کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے تھے، جن کو قرنطینہ میں جانے کی ضرورت ہو گی۔ مزید معلومات کے لیے، "Handling COVID-19 Cases in the Workplace: What Employers Need to Know" (کام کی جگہ پر COVID-19 کے کیسوں کا نظم کرنا: آجروں کو کیا جاننے کی ضرورت ہے) ملاحظہ کریں۔

9 ایسا ملازم جس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے یا وہ COVID-19 کی علامات رکھتا ہے، کیا وہ کام کرنا جاری رکھ سکتا ہے؟

اگر ملازم گھر سے ریموٹ طور پر کام کر سکتا ہے *اور* ایسا کرنے کے لیے اس کی صحت اجازت دیتی ہے، اس کو کام سے رخصت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ جس ملازم کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو، وہ غالبا کام کی جگہ پر نہیں آئے گا۔ انہیں گھر پر محفوظ طریقے سے الگ رہنا چاہیے اور مکمل علیحدگی کی مدت تک کام پر واپس نہیں آ سکتے (مثبت ٹیسٹ کے 10 دن بعد، پچھلے 24 گھنٹوں میں بخار کم کرنے والی دوا کے استعمال کے بغیر بخار سے محفوظ رہنا اور بیماری میں مجموعی طور پر بہتری آنا)۔ اگر کوئی ملازم مثبت ٹیسٹ کے بعد اور علیحدگی کی مدت پوری کیے بغیر کام کی جگہ میں داخل ہونے کی کوشش کرتا ہے تو آپ انہیں گھر بھیج دیں۔

قانونی سوالات

1 کون سے قوانین مجھے اپنے ملازمین سے وقتا فوقتا ٹییسٹ کروانے کا کا تقاضا کرنے یا اس کی ترغیب دینے کی اجازت دیتے ہیں۔

ملازمت کے مقام پر موجود ملازمین کی وقتا فوقتا ٹیسٹنگ کی EEOC رہنمائی کے تحت اجازت ہے۔ براہ کرم، انڈسٹری کے لحاظ سے ٹیسٹنگ کی رہنمائی کے لیے COVID-19 ٹیسٹنگ کی سفارشات دیکھیں۔

2 اگر میں کسی ملازم کو ٹیسٹ کروانے کی ترغیب دیتا ہوں اور وہ ٹیسٹ کے دوران زخمی ہو جائیں تو اس صورت میں کیا ہو گا؟

اگر ٹیسٹ کے دوران کوئی ملازم زخمی ہوتا ہے تو آپ انہیں دعویدار سے متعلق معلومات کا پیکیٹ فراہم کریں تاکہ اس چوٹ کے بارے میں جائزہ لینے کے لیے آجر کے کارکنوں کے معاوضہ کیریئر کو اطلاع دی جا سکے۔

3 کیا مجھ سے ملازمین کو COVID-19 ٹیسٹ کرانے کے لیے رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ دینا درکار کیا جاتا ہے؟

جی ہاں۔ سٹی اور اسٹیٹ کے قوانین ملازمین کو COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کے لیے رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ کسی ملازم کی رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ کی تعداد آپ کی کمپنی کے حجم پر منحصر ہوتی ہے۔[4] اگر آپ فیڈرل فیملیز فرسٹ کورونا وائرس رسپانس ایکٹ (Families First Coronavirus Response Act, FFCRA) کے دائرہ کار میں موجود آجر ہیں تو اضافی رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ درکار ہو سکتی ہے۔ اگر کسی ملازم کی مزید رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ باقی نہیں ہے اور آپ ان سے ٹیسٹ کروانے کا کہتے ہیں تو ٹیسٹ کروانے میں لگنے والے وقت کو قابل اطلاق اجرت اور اوقات کے قوانین کے تحت کام کے اوقات کے طور پر لیا جائے گا اور آپ کو اس وقت کی ادائیگی کرنے کا پابند ہونا پڑ سکتا ہے۔

---

[4] چار یا اس سے کم ملازمین والے کاروبار کو ہر سال 40 گھنٹے تک کی رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ دینی چاہیے، جب تک کہ پچھلے ٹیکس سال میں ان کی خالص آمدنی 1,000,000 $ یا اس سے کم نہ ہو، ایسی صورت میں یہ رخصت بلا معاوضہ ہو گی۔ کسی بھی سال میں، پانچ سے 99 کے درمیان ملازمین والے کاروبار کو ہر سال 40 گھنٹوں تک کی رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ دینی چاہیے۔ کسی بھی سال میں، 100 سے زیادہ ملازمین والے کاروبار کو ہر سال 56 گھنٹوں تک کی رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ دینی چاہیے۔ اضافی تقاضے nyc.gov/assets/dca/downloads/pdf/about/PaidSickLeave-AnswerstoEmployerQuestions.pdf پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

4 رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ کے لیے یا اگر کسی ملازم کو COVID-19 کی علامات ہیں یا اسکا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے، میں اس حوالے سے کون سا ثبوت درکار کر سکتا ہوں؟

سٹی کے ارنڈ سیف اینڈ سک ٹائم ایکٹ (Earned Safe and Sick Time Act) کے تحت، کوئی آجر نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے صرف اس صورت میں دستاویزات مانگ سکتا ہے جب ملازم رخصت بوجہ بیماری کی مد میں کام سے مسلسل تین دن سے زیادہ رخصت پر رہتا ہے۔ اگر آپ کی کمپنی پر FFCRA کا اطلاق ہوتا ہے تو FFCRA کے مطابق آپ رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ کے لیے ملازمین سے مثبت تشخیص کی دستاویز درکار نہیں کر سکتے۔

5 اگر ملازمین کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آ جائے تو کیا مجھ سے رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ دینا درکار کیا جاتا ہے؟ ان ملازمین کے حوالے سے کیا احکامات ہیں جن کو ملازمت کی جگہ یا کسی اور وجہ سے زد میں آنے کی وجہ سے قرنطینہ میں جانا ہے؟

بیمار ہونے پر یا کسی ایسے شخص کا قریبی رابطہ ہونے پر جس کو COVID-19 ہے، گھر میں رہنے کی ترغیب دینے کے لیے آجروں کی اس حوالے سے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ رخصت بوجہ بیماری کی لچکدار پالیسیاں مرتب کریں۔ اگر کسی ملازم کا مثبت ٹیسٹ آتا ہے اور وہ گھر سے ریموٹ طریقے سے کام نہیں کر سکتا تو ملازم سٹی اور اسٹیٹ کے قانون کے مطابق دستیاب کی گئی رخصت بوجہ بیماری کی مدت استعمال کر سکتا ہے۔ اگر ملازم کو ملازمت کی جگہ یا دیگر طریقے سے زد میں آنے کی وجہ سے گھر میں قرنطینہ میں رہنا پڑتا ہے، انہیں رخصت بوجہ بیماری استعمال کرنے کی بجائے گھر سے کام کرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔ تاہم، آپ کے لیے ان افراد کو رخصت بوجہ بیماری فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے جنہیں حالیہ سفر کی وجہ سے قرنطینہ میں جانا ہے۔

6 اگر کسی ملازم کا منفی ٹیسٹ آیا ہے لیکن اس کو علامات درپیش ہیں تو کیا مجھے رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ دینا ہو گی؟

اگر کسی ملازم کو علامات درپیش ہیں اور آپ ایک آجر ہیں جس سے رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ (ناکہ رخصت بوجہ بیماری بلا معاوضہ) دینا درکار کیا جاتا ہے تو آپ کو اس مدت کے لیے رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ دینی ہو گی جب تک ملازم بیمار رہتا ہے اور سٹی اور اسٹیٹ کے رخصت بوجہ بیماری کے قوانین کے مطابق کام نہیں کر سکتا، جب تک کہ ملازم کی رخصت بوجہ بیماری بمعہ معاوضہ کی تعداد پوری نہ ہو جائے۔

اگر آپ ایک چھوٹے آجر ہیں جو سٹی اور اسٹیٹ کے رخصت بوجہ بیماری کے قوانین کے تقاضوں سے مستثنیٰ ہے تو پھر آپ کو قانون کے مطابق ان کو رخصت بوجہ بیماری بلا معاوضہ دستیاب کرنا ہو گی۔

7 کیا میں مختلف ملازمین کے لیے ٹیسٹنگ، دستاویزات فراہم کرنے اور رخصت کے مختلف تقاضے طے کرسکتا ہوں؟

ٹیسٹنگ، دستاویزات کی فراہمی اور رخصت کی پالیسیوں میں عمر، نسل یا نسلی تعلق، قومیت، معذوری، صحت کی حیثیت، صنف، صنفی شناخت، جنسی رجحان، مذہب یا دیگر محفوظ طبقات کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کیا جا سکتا۔

ضمیمہ: COVID-19 ٹیسٹنگ کی آپشنز

COVID-19 کی ٹیسٹنگ کے دستیاب آپشنز کی اس فہرست کو آجر اپنے ملازمین کو ٹیسٹ کروانے میں مدد فراہم کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ فہرست ٹیسٹنگ کے تمام دستیاب آپشنز بیان نہیں کرتی اور وقت گزرنے کے ساتھ تبدیل ہو سکتی ہے۔ COVID-19 کی مندرجہ ذیل تمام آپشنز NYC میں دستیاب ہیں۔

A. شہر بھر میں دستیاب ٹیسٹنگ سائٹس

- پورے سٹی میں سیکڑوں ٹیسٹنگ سائٹس ہیں، جن میں موبائل ٹیسٹنگ سائٹیں شامل ہیں۔
- اپنے قریب ٹیسٹنگ سنٹر تلاش کرنے کے لیے، nyc.gov/covidtest پر NYC کا ٹیسٹ سائٹ فائینڈر استعمال کریں۔
- H+H اسپتالوں، صحت کے مراکز اور پانچوں بوورز میں شہروں میں نئے پاپ اپ مقامات پر مفت ٹیسٹ پیش کرتا ہے۔
- محکمہ صحت شہر بھر میں نو کلینکس میں ایوائنٹمنٹ کے ذریعے مفت ٹیسٹنگ پیش کرتا ہے۔
- ملازمین بیمہ کارڈز اور ID ساتھ لے کر آئیں اگر یہ ان کے پاس موجود ہیں۔

B. افراد کے لیے گھر میں کی جانے والی ٹیسٹنگ کی کٹس

- یہ کمپنیاں FDA سے منظور شدہ گھر میں ٹیسٹنگ کی کٹس مہیا کرتی ہیں جن کو آن لائن آرڈر کیا جا سکتا ہے۔
- کچھ کمپنیاں لوگوں کو پہلے آن لائن سوالنامہ مکمل کرنے یا مشاورت کرنے کا کہتی ہیں۔
- مکمل کرنے کے بعد، نمونہ لینے کے طریقے کے بارے میں ہدایات کے ساتھ ٹیسٹ بھیجا جائے گا۔
- کمپنی کا فراہم کنندہ ٹیسٹ کے نتائج اور اگلے اقدامات سے متعلق معلومات آن لائن پورٹل / ایپلی کیشن، ای میل یا فون کے ذریعہ فراہم کرے گا۔
- تازہ ترین قیمتوں کا تعین اور ٹیسٹنگ کی معلومات کی درخواست کرنے کے لیے، براہ کرم براہ راست کمپنی سے رابطہ کریں۔

	Picture Genetics	Pixel	Let's Get Checked	P23	Phosphorus Diagnostic	Vault Health	Vitagene	Hims & Hers
قیمت	$119	$119	$119	$129 اور شپنگ	$140 اور شپنگ	$150	$129	$150، ٹیلی ہیلتھ ملاقات شامل ہے
بیمہ قبول کیا جاتا ہے	جی ہاں*	جی ہاں	جی ہاں*	جی ہاں*	جی ہاں*	جی ہاں*	جی ہاں*	جی ہاں*
ٹیسٹ کا طریقہ کار	ناک میں سواب ڈال کر	ناک میں سواب ڈال کر	ناک میں سواب ڈال کر	لعاب کا ٹیسٹ	لعاب کا ٹیسٹ	لعاب کا ٹیسٹ (Zoom کال کے ذریعے سپروائز کیا جائے گا)	لعاب کا ٹیسٹ	لعاب کا ٹیسٹ
نتائج کے انتظار کا وقت (لیب میں موصول ہونے کے بعد)	48 گھنٹوں میں	24-48 گھنٹوں میں	24-72 گھنٹوں میں	24-48 گھنٹوں میں	72 گھنٹوں میں	48-72 گھنٹوں میں	72 گھنٹوں میں	شپ ہونے کے 3 سے 5 دن بعد
آن لائن سوالنامہ / مشاورت درکار کی جاتی ہے	جی ہاں	جی ہاں	جی ہاں	جی ہاں	جی ہاں	جی ہاں	جی ہاں	جی ہاں
ٹیسٹنگ کی پابندیاں	نہیں	اسکریننگ کے پیمانے پر پورا اترنا چاہیے	اسکریننگ کے پیمانے پر پورا اترنا چاہیے	اسکریننگ کے پیمانے پر پورا اترنا چاہیے	نہیں	نہیں	اسکریننگ کے پیمانے پر پورا اترنا چاہیے	علامات درپیش ہونی چاہئیں

*افراد کو پہلے خود سے ادائیگی کرنا ہو گی اور پھر اپنے اخراجات کی وصولی کے لیے آئٹموں کے لحاظ سے بنائی گئی رسید بیمہ کمپنی کو جمع کروانی ہو گی۔ فلیکس ایبل سپنڈنگ اکاؤنٹ (Flexible spending account, FSA) اور ہیلتھ سیونگز اکاؤنٹ (health savings account, HSA) کے کارڈ قبول کیے جاتے ہیں۔

C. تنظیم / انٹرپرائز ٹیسٹنگ کے آپشنز

- یہ کمپنیاں آجروں اور کاروباری اداروں کے لیے گھر میں COVID-19 کا نمونہ لینے یا سائٹ پر خود سے کیے جانے والے ٹیسٹوں یا نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے ذریعے کیے جانے والے ٹیسٹوں کی فراہمی کے لیے توسیع پزیر تدابیر فراہم کرتی ہیں۔
- ان میں گھر میں ٹیسٹنگ کی کٹس کی پیشگی ادائیگی یا ان کی بڑی تعداد میں خریداری کے آپشنز بھی موجود ہیں۔
- ٹیسٹوں کے نتائج کا نظم اور انی کی ترسیل آن لائن پورٹلز کے ذریعے کی جاتی ہے، اور نگہداشت صحت فراہم کنندگان کے ساتھ فالو اپ ٹیلی ہیلتھ ملاقاتوں کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔
- تازہ ترین قیمتوں کا تعین اور ٹیسٹنگ کی معلومات کی درخواست کرنے کے لیے، براہ کرم براہ راست کمپنی سے رابطہ کریں۔

	Fulgent Therapeutics	Let's Get Checked	1Health.io	Phosphorus	Vault Health
پیش کی جانے والے ٹیسٹنگ کی خدمات	گھر پر (خود سے کیا جانے والا) سائٹ پر (کلینیشن کی جانب سے کیا جانے والا)	گھر پر (خود سے کیا جانے والا)	گھر پر (خود سے کیا جانے والا) سائٹ پر (خود سے کیا جانے والا)	گھر پر (خود سے کیا جانے والا) ٹیسٹنگ کے دیگر آپشنز کے لیے رابطہ کریں	گھر پر (Zoom کال کے ذریعے نگرانی کے ساتھ) سائٹ پر (کلینیشن کی جانب سے کیا جانے والا)
شپنگ کا دورانیہ (گھر میں ٹیسٹنگ کے لیے) / تیاری کا دورانیہ (سائٹ پر ٹیسٹنگ کے لیے)	گھر پر - 2 کاروباری دن سائٹ پر - ایک ہفتہ	گھر پر - 24 گھنٹوں میں	کمپنی سے رابطہ کریں	کمپنی سے رابطہ کریں	کمپنی سے رابطہ کریں
ٹیسٹ کا طریقہ کار	ناک میں سواب ڈال کر	ناک میں سواب ڈال کر	لعاب کا ٹیسٹ	لعاب کا ٹیسٹ	لعاب کا ٹیسٹ
نتائج میں لگنے والا وقت (لیب میں موصول ہونے کے بعد)	24-48 گھنٹوں میں	24-72 گھنٹوں میں	72 گھنٹوں میں	72 گھنٹوں میں	48-72 گھنٹوں میں
بڑی تعداد میں ٹیسٹ کٹس کی خریداری کے لیے دستیابی	کمپنی سے رابطہ کریں	جی ہاں	جی ہاں	جی ہاں	جی ہاں
بیمہ قبول کیا جاتا ہے	جی ہاں	کمپنی سے رابطہ کریں	کمپنی سے رابطہ کریں	جی ہاں	جی ہاں

D. فارمیسی پارٹنرز

- CVS Health اس وقت COVID-19 ٹیسٹنگ کی ایسی تدابیر پیش کر رہی ہے جو اپنی مرضی کے مطابق ڈھالی جا سکتی ہیں
  - ان کے پاس کام کرنے کی جگہ پر جلدی سے کی جانے والی ٹیسٹنگ اور گاڑی میں بیٹھے کروائی جانے والی ٹیسٹنگ، دونوں ہی موجود ہیں
  - سائٹ پر فارمیسی کی ویکسین کی ٹیکہ کاری کی خدمات، علامات کی نگرانی اور رابطے کی کھوج کی معاونت بھی موجود ہے
  - مزید معلومات کے لیے، "Return Ready" ملاحظہ کریں۔
- Walgreens Pharmacy اس وقت COVID-19 ٹیسٹنگ کی ایسی تدابیر تیار کرنے کے عمل میں ہے جو اپنی مرضی کے مطابق ڈھالی جا سکتی ہیں
  - Walgreens کے مقامات پر جلدی سے مکمل ہو جانے والی ٹیسٹنگ اور گاڑی میں بیٹھے ٹیسٹنگ کی خدمات
  - سائٹ پر فارمیسی کی ویکسین کی ٹیکہ کاری کی خدمات بھی دستیاب ہیں
  - مزید معلومات کے لیے، walgreens.com/testandprotect ملاحظہ کریں